عیسی بن مریم علیہ السلام کوباپ کے بغیرپیدا کرنے میں اللہ تعالی کی حکمت

الحكمة من خلق الله تعالى عيسى بن مريم من دون أب

[urdu - اردو - أردو]

شیخ محمد الأمین الشنقیطي

ترجمہ: اسلام سوال وجواب ویب سائٹ

تنسیق: اسلام ہا ؤس ویب سائٹ

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب

تنسيق: موقع islamhouse

2013 - 1434

IslamHouse.com

عیسی بن مریم علیہ السلام کوباپ کے بغیرپیداکرنے میں اللہ تعالی کی حکمت

اس میں کیا حکمت ہے کہ اللہ تعالی نے عیسی علیہ السلام کوبغیر باپ کے پیدا فرمایا ؟

الحمد للہ

شیخ شنقیطی رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے:

عیسی علیہ السلام کوبغیرخاوند عورت سے پیداکرنے کی حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ بھی ہے تا کہ اللہ تعالی اسے لوگوں کے لیے نشانی یعنی اپنی قدرت کاملہ کی علامت بنائے اوریہ کہ وہ جوچاہے اور جس طرح چاہے پیدا کرسکتا ہے ، اگر چاہے تومرد کے بغیر صرف عورت سےہی پیدا فرمادے جیسا کہ عیسی علیہ السلام کے ساتھ کیا ۔

اوراگر چاہے تواللہ تعالی عورت کے بغیر صرف مرد سے ہی پیدا فرما دے جیسا کہ حواء کوآدم علیہ السلام سے پیدا فرمایا جس کی نص اللہ تعالی کا یہ فرمان ہے:

{ اور اس سے اس کی بیوی کوپیدافرمایا } النساء (۱)

یعنی اس نفس جو کہ آدم علیہ السلام ہیں سے اس کی زوجہ حواء کو پیدا فرمایا ۔

اور اگر اللہ تعالی چاہے تومرد وعورت کے بغیر بھی پیدا کردے جیسا کہ آدم علیہ السلام کوپیدا فرمایا ، اور اگر چاہے تومرد و عورت دونوں سے پیدا فرمائے جیسا کہ سب بنی آدم پیدا کیے ہیں ۔

دیکھیں اضواء البیان للشنقیطی (٤ / ۲٥۹)